Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. حضرت آدم(ع) کو زمین پر بھیجنے سے پہلے کونسے علوم عطا کیے گئے؟

Ans 1: حضرت آدم(ع) کو زمین پر بھیجنے سے پہلے اشیاء کے استعمال کا سائنسی علم عطا کیا گیا جس کا نظام وحی کے ذریعے قائم کیا گیا.

Q2. کمیونٹی کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: کمیونٹی کی چندخصوصیات درج ذیل ہیں: 1.کمیونٹی معاشرے کے اندر لوگوں کا ایسا گروہ ہے جو ایک خاص علاقے میں رہائش پذیر ہوں، 2.کمیونٹی معاشرتی زندگی کا ایک مخصوص علاقہ ہے جس میں ایک حد تک معاشرتی وحدت اور اشتراک عمل پایا جاتا ہے. 3.کمیونٹی اپنی ضروریات میں کافی حد تک خود کفیل ہوتی ہے،لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اپنے وسیع معاشرے سے بالکل بے نیاز ہوتی ہے.

Q3. تعلیم کے فوائد بیان کریں.

Ans 1: تعلیم کے فوائد درج ذیل ہیں. 1.تعلیم فرد کو اچھا شہری بننے میں مدد دیتی ہے. 2.تعلیم فرد کو مختلف پیشوں کی مہارت سکھاتی ہے. 3.تعلیم فرد کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد دیتی ہے.

Q4. معاشرے کی نشونما میں تعلیم کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: تعلیم اور معاشرہ لازم وملزوم ہیں ایک کے بغیر دوسرےکا تصور بھی ممکن نہیں ہے.یہ ایک دوسرے پر اثرانداز ہوتے ہیں.بچہ معاشرے میں جنم لیتا ہے،معاشرہ اس کی تعلیم و تربیت اور پرورش کا اہتمام کرتا ہے.،معاشرہ ہی اسے رسم و رواج،آداب اخلاق ،اپنے نظریہ حیات اور پوری معاشرتی زندگی سے متعارف کرواتا ہے اور تعلیم ہی کے ذریعے قومی مقاصدتعلیم کا حصول ممکن ہے.

Q5. معاشرے کی نشونما میں مدرسہ کا کردار بیان کریں.

Ans 1: ہر معاشرہ اپنے نظریات کے مطابق اپنی نئی نسل کی تربیت کی ذمہ داری مدرسہ کو سونپنے کے بعد بجا طور پر توقع رکھتا ہے کہ اس کی معا شرتی اور معاشی ضرورتوں ،نظریہ حیات اور قومی نصب العین کے مطقبق مدرسہ ان کی تربیت کرے.

Q6. دیہاتی اور شہری کمیونٹی میں فرق بیان کریں.

Ans 1: شہروں کے لوگ اگرچہ ایک دوسرے کے قریب قریب رہتے ہیں لیکن اپنے خول میں بند رہتے ہیں،گاؤں کے لوگ ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں مل جل کر زندگی گزارتے ہیں ان کے جذبات و احساسات بھی ایک جیسے ہوتے ہیں.

Q7. تعلیم کے ذریعے پیدا ہونے والے چار اوصاف حمیدہ لکھیں.

Ans 1: چھے اور مہذب معاشرے یہ چاہتے ہیں کہ بچوں میں ایسے احساسات اور جذبات پرورش پائیں جس سے ان میں انسانیت،اخوت،محبت،ہمدردی اور خود اعتمادی جیسے اوصاف حمیدہ پیدا ہوسکیں.انمیں معاشرتی فرائض سر انجام دینے کی ذمہ داری کا احساس پیدا ہو.ان میں مل جل کر رہنے اور ترقی کی خواہش کے ساتھ ساتھ آئندہ کچھ کرنے کا جذبہ پیدا ہو ان سب مقاصد کا حصول صرف تعلیم کے ذریعے ممکن ہے

Q8. معاشرے کی تعریف کریں.

Ans 1: معاشرے سے مراد انسانوں کا مخصوص اور بڑا گروہ ہے.جس کے افراد کی ثقافت،کائنات کےبارے میں نظریہ،نیکی اور بدی میں تمیز ،خیالات،عادات اور اقدار مشترک ہوں اور جو ان کے حصول کے لیے آپس میں تعاون بھی کریں،اس گروہ کے افراد میں آپس میں یک جہتی اور اتحاد کا احساس بھی پایا جائے.

Q9. معاشرہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

Ans 1: معاشرہ معاشرت سے بنا ہے جس کے معنی مل جل کر زندگی گزارنا کے ہیں.

Q10. مسلم معاشرے اور لادینی معاشرے میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: مسلم معاشرہ: مسلمان ایک خدا پر یقین رکھتے ہیں جو تمام کائنات اور انسانوں کا پیدا کرنے والا ہے جو رحمان اور رحیم ہے اور انسانوں کی زندگی کے لیے تمام سامان پیدا کرنے والا ہے. مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ آئندہ زندگی میں تمام انسانوں کے اعمال کا احتساب کیا جائے گا.

Ans 2: لا دینی معاشرہ: لا دینی معاشروں کے خیال میں یہ کائنات خود بخود وجود میں آگئی ہے اور خود بخود چل رہی اور جس طرح وجود میں آئی ہے اسی طرح خود بخود کسی دن ختم ہو جائے گی ان معاشروں کا انسان کے وجود کے بارے میں بھی یہ خیال ہے کہ وہ خود بخود وجود میں آگیا اور کسی دن خود ہی ختم ہوجائے گا.گویا وہ معاشرے نظریہ اتقا پر یقین رکھتے ہیں.